احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کیلئے

روزنامہ
الفضل

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

پیر 17 نومبر 2008ء 18 ذیقعد 1429 ہجری 17 نبوت 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 263

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

مثانی کے لفظ میں اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ قرآن کریم کی آیات معقولی اور روحانی دونوں طور کی روشنی اپنے اندر رکھتی ہیں۔ پھر بعد اس کے فرمایا کہ قرآن میں اس قدر عظمت حق کی بھری ہوئی ہے کہ خدا تعالیٰ کی آیتوں کی سننے سے ان کے دلوں پر قشعریرہ پڑ جاتا ہے اور پھر ان کی جلدیں اور ان کے دل یاد الٰہی کے لئے بہ نکلتے ہیں اور پھر فرمایا کہ یہ کتاب حق ہے اور نیز میزان حق یعنی یہ حق بھی ہے اور اس کے ذریعہ سے حق شناخت بھی ہوسکتا ہے اور پھر فرمایا کہ خدا تعالیٰ نے آسمان پر سے پانی اتارا۔ پس اپنے اپنے قدر پر ہریک وادی بہہ نکلی یعنی جس قدر دنیا میں طبائع انسانی ہیں قرآن کریم ان کے ہریک مرتبہ فہم اور عقل اور ادراک کی تربیت کرنے والا ہے اور یہ امر مستلزم کمال تام ہے کیونکہ اس آیت میں اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ قرآن کریم اس قدر وسیع دریائے معارف ہے کہ محبت الٰہی کے تمام پیاسے اور معارف حقہ کی تمام تشنہ لب اسی سے پانی پیتے ہیں۔ اور پھر فرمایا کہ ہم نے قرآن کریم کو اس لئے اتارا ہے کہ تا جو پہلی قوموں میں اختلاف ہو گئے ہیں ان کا اظہار کیا جائے اور پھر فرمایا کہ یہ قرآن ظلمت سے نور کی طرف نکالتا ہے۔ اور اس میں تمام بیماریوں کی شفا ہے اور طرح طرح کی برکتیں یعنی معارف اور انسانوں کو فائدہ پہنچانے والے امور اس میں بھرے ہوئے ہیں اور اس لائق ہے کہ اس کو تدبر سے دیکھا جائے اور عقلمند اس میں غور کریں اور سخت جھگڑالو اس سے ملزم ہوتے ہیں اور ہریک شے کی تفصیل اس میں موجود ہے اور یہ ضرورت حقہ کے وقت نازل کیا گیا ہے اور ضرورت حقہ کے ساتھ اترا ہے اور یہ کتاب عزیز ہے باطل کو اس کے آگے پیچھے راہ نہیں اور یہ نور ہے جس کے ذریعہ سے ہدایت دی جاتی ہے اس میں ہریک شے کا بیان موجود ہے اور یہ روح ہے اور یہ کتاب عربی فصیح بلیغ میں ہے اور تمام صداقتیں غیر متبدل اس میں موجود ہیں ان کو کہہ دے کہ اگر جن وانس اس کی نظیر بنانا چاہیں یعنی وہ صفات کاملہ جو اس کی بیان کی گئی ہیں اگر کوئی ان کی مثل بنی آدم اور جنات میں سے بنانا چاہیں تو یہ ان کے لئے ممکن نہ ہوگا اگرچہ ایک دوسرے کی مدد بھی کریں۔

(کرامات الصادقین، روحانی خزائن جلد7ص 58، 59)

نورقرآنی کے حصول کی دعا

آنحضرت ﷺ نے حضرت علیؓ کو یہ دعا سکھائی:

اے اللہ اے رحمٰن! تیرے جلال اور تیرے چہرے کے نور کا واسطہ دے کر عرض کرتا ہوں کہ تو میری آنکھوں کو اپنی کتاب کے نور سے منور کر اور اسے میری زبان پر رواں کر دے اور میرے دل کو اس کے لئے وسعت دے اور میرے سینے کو اس کے ساتھ کھول دے۔ اور اس کے ساتھ میرے بدن کو دھو دے۔

(جامع ترمذی کتاب الدعوات باب فی دعاء الحفظ حدیث نمبر3493)

یتیم کی کفالت اور ہمارا فرض

ایک یتیم نے ایک شخص پر ایک نخلستان کے متعلق دعویٰ کیا لیکن رسول اللہ ﷺ نے اس کے خلاف فیصلہ کیا تو وہ رو پڑا آپ کو اس پر رحم آ گیا اور مدعا علیہ سے فرمایا کہ اس کو یہ نخلستان دے ڈالو۔ خدا تم کو اس کے بدلے میں جنت میں نخلستان دے گا لیکن اس نے انکار کر دیا حضرت ابوالدحداح بھی موجود تھے انہوں نے اس سے کہا کہ تم میرے باغ کے عوض اپنے باغ کو بیچتے ہو؟ اس نے کہا ہاں! وہ رسول کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور کہا کہ جو نخلستان آپ یتیم کیلئے مانگتے تھے اگر میں دے دوں تو اس کے عوض مجھے جنت میں نخلستان ملے گا؟ ارشاد ہوا ہاں!

(اسوہ صحابہ حصہ اول صفحہ 215)

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی فرماتے ہیں:

''پھر اس لئے بھی وہ (یتیم) محبت اور حسن سلوک کے مستحق ہوتے ہیں کہ وہ اپنے والدین کے سایہ عاطفت سے بچپن میں ہی محروم ہو جاتے ہیں اور اس وجہ سے وہ قوم کی ایک قیمتی امانت ہوتے ہیں۔ اگر ان کی صحیح نگرانی کی جائے ان کی تعلیم وتربیت کا انتظام کیا جائے، ان کو آوارگی سے محفوظ رکھا جائے تو وہ قوم کا ایک مفید وجود بن جاتے ہیں'' (تفسیر کبیر جلد 2 ص 7)

(مرسلہ: سیکرٹری کمیٹی کفالت یکصد یتامیٰ دارالضیافت ربوہ)

رپورٹ کارروائی یوم تحریک جدید

مجلس مشاورت کے فیصلہ کی تعمیل میں امراء اضلاع کو سال رواں کا دوسرا یوم تحریک جدید مورخہ 10/اکتوبر 2008ء کو منانے اور کارروائی کی رپورٹ بھجوانے کی تحریک کی گئی تھی۔ آپ سے درخواست ہے کہ براہ مہربانی اجلاس یوم تحریک جدید کی رپورٹس جلد ارسال کر کے ممنون فرمائیں۔ اگر کسی وجہ سے کسی جگہ 10/اکتوبر 2008ء کو یوم تحریک جدید نہیں منایا جا سکا تو جماعتی فیصلہ کے تحت اپنی سہولت اور حالات کے مطابق کسی بھی مناسب تاریخ کو اجلاس یوم تحریک جدید کر کے رپورٹ ارسال فرمائیں۔

(وکیل الدیوان تحریک جدید ربوہ)

بسلسلہ خلافت احمدیہ صد سالہ جوبلی

جامعہ احمدیہ جونیئر سیکشن میں تقریب عشائیہ

اللہ تعالیٰ کے فضل کے ساتھ صد سالہ خلافت احمدیہ جوبلی کے بابرکت سال میں جامعہ احمدیہ جونیئر سیکشن ربوہ میں مختلف تقریبات، جلسوں اور مقابلہ جات کا انعقاد کیا جارہا ہے۔ اسی پروگرام کے مطابق مورخہ 6 نومبر 2008ء کو نور ہوسٹل جامعہ احمدیہ جونیئر سیکشن میں رات ساڑھے سات بجے ایک تقریب عشائیہ منعقد کی گئی۔ جس کے مہمان خصوصی محترم چوہدری حمید اللہ صاحب وکیل اعلیٰ تحریک جدید تھے۔ تلاوت و نظم کے بعد جامعہ احمدیہ درجہ اولیٰ کے طلباء نے عربی، اردو اور انگریزی زبانوں میں تقاریر کیں۔ صد سالہ خلافت احمدیہ جوبلی کے حوالے سے رپورٹ مکرم راجہ برہان احمد صاحب صدر شعبہ انگریزی نے پیش کی، انہوں نے جوبلی کے پروگرامز کا تعارف کراتے ہوئے بتایا کہ ہر ماہ نفلی روزہ کا اہتمام کیا جاتا ہے جس میں طلباء اور اساتذہ کثرت سے شامل ہوتے ہیں۔ خلافت جوبلی دعاؤں کے کرنے کی تحریک گاہے گاہے کی جاتی ہے۔ خلافت کی اہمیت، افادیت برکات اور واقفین زندگی کے بارے میں خلفاء سلسلہ کے ارشادات سے مختلف مواقع پر سٹاف و طلباء کو روشناس کرایا جارہا ہے۔

جامعہ احمدیہ کے جملہ اساتذہ اور طلباء نے 27 مئی 2008ء کو منعقد ہونے والے مرکزی پروگرام میں بھرپور شرکت کی۔ اس روز جامعہ میں برکات خلافت کے عنوان سے ایک پروقار مجلس منعقد کی گئی اور آخر پر تمام طلباء، سٹاف و کارکنان میں شیرینی تقسیم کی گئی۔ دوران سال مختلف مقالہ جات میں خلافت کے موضوع کو سرفہرست رکھا گیا۔ ایک خصوصی مقابلہ مقالہ نویسی بعنوان خلافت احمدیہ بھی کروایا گیا جس میں 82 طلباء نے شرکت کی اور پوزیشن حاصل کرنے والے پہلے پانچ طلباء کو نقد انعامات و سندات دی گئیں۔ انہوں نے بتایا کہ کرکٹ اور باسکٹ بال کے ٹورنامنٹس منعقد ہوچکے ہیں۔ والی بال ٹورنامنٹ جاری ہے اور فٹ بال ٹورنامنٹ دسمبر میں ہوگا۔ خلافت احمدیہ کے عنوان پر مشتمل کوئز کی ریکارڈنگ کا آغاز 28 نومبر 2007ء کو ہوا جس کا فائنل 17 دسمبر 2007ء کو ہوا آج کل یہ کوئز ایم ٹی اے پر نشر ہورہا ہے۔ جلسہ ہائے سیرۃ النبیؐ، یوم مسیح موعود اور یوم مصلح موعود کا انعقاد ہوچکا ہے۔ ان تمام پروگرامز کو کامیاب بنانے اور احسن طور پر سرانجام دینے کے لئے جملہ اساتذہ، طلبہ اور کارکنان جامعہ نے دعائیں کرتے ہوئے احسن رنگ میں اپنی ذمہ داریاں ادا کیں۔

رپورٹ کے بعد مکرم راجہ منیر احمد خان صاحب پرنسپل جامعہ احمدیہ جونیئر سیکشن نے جملہ مہمانان و بزرگان کا شکریہ ادا کیا۔ مہمان خصوصی نے اپنے صدارتی کلمات میں طلباء جامعہ کو قیمتی نصائح کیں۔ انہوں نے جملہ طلباء کو صد سالہ خلافت جوبلی کے موقع پر شائع ہونے والے لٹریچر کے پڑھنے کی تحریک کی۔ دعا کے ساتھ یہ تقریب اختتام پذیر ہوئی۔ بعدہٗ جملہ مہمانان اور طلباء جامعہ کی خدمت میں عشائیہ دیا گیا۔

مکرم خواجہ عبدالمومن صاحب

خلافت جوبلی مشاعرہ

زیر اہتمام مجلس انصاراللہ ناروے

مجلس انصاراللہ ناروے کے زیر اہتمام مورخہ 30/اگست 2008ء کو خلافت جوبلی مشاعرہ Leto ہال میں منعقد ہوا۔ اس مشاعرہ کی صدارت مکرم زرتشت منیر احمد خان صاحب امیر جماعت احمدیہ ناروے نے اور سیکرٹری مشاعرہ کے فرائض خاکسار نے ادا کئے۔ مشاعرہ کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے اور کلام حضرت مسیح موعود اور حضرت مصلح موعود سے ہوا اس کے بعد درج ذیل شعراء نے اپنا کلام پیش کیا۔

مکرمہ **طیبہ رضوان صاحبہ** کا کلام ان کے خاوند مکرم ڈاکٹر احمد رضوان صاحب نے سنایا۔

هم خوش نصیب ہیں کہ خلافت ملی ہمیں
اس دور آخریں کی رفاقت ملی ہمیں
وارث بنے ہیں رحمتوں اور برکتوں کے ہم
ان ظلمتوں میں رشد وہدایت ملی ہمیں

بعد ازاں **محترمہ صاحبزادی امۃ القدوس صاحبہ** کی نظم پیش کی گئی۔

مکرم عبدالمنعم ناصر صاحب

ماہِ تمام منبعٔ انوار ہے خلافت
قلب و نظر میں موجۂ اظہار ہے خلافت
طوفاں سے کھیلتی جو منزل کو جا رہی ہے
اس کشتی مسیح کی پتوار ہے خلافت

خواجہ عبدالمومن

خلافت کی باتیں ہیں کتنی سہانی
دلوں کی وہ ٹھنڈک وہ ایماں کا پانی
خلافت کا پودا تو پھلتا رہے گا
خلافت کا پودا تو ہے جاودانی

ان کے علاوہ مکرم مرزا نسیم احمد صاحب، مکرم رانا مبشر احمد صاحب، محترمہ نبیلہ رفیق صاحبہ، مکرم مرزا محمد اشرف صاحب اور محترمہ امۃ المنان ندیم صاحبہ کا کلام بھی پیش ہوا۔

یہ مشاعرہ جماعت احمدیہ ناروے کے سالانہ جلسہ کے موقع پر منعقد کیا گیا جس کی وجہ سے احباب و خواتین نے اس مشاعرہ سے استفادہ کیا اور محظوظ ہوئے۔ مجلس انصاراللہ کی طرف سے چائے اور شیرینی شعراء اور حاضرین کی خدمت میں پیش کی گئی آخر پر محترم امیر جماعت ناروے نے دعا کروائی اور یہ خلافت جوبلی مشاعرہ کامیابی سے اختتام پذیر ہوا۔

مکرم قدیر احمد طاہر صاحب معلم وقف جدید

نسیم آباد فارم ضلع میر پور خاص خلافت جوبلی تقریبات

جماعت احمدیہ نسیم آباد فارم، محترم مرزا نسیم احمد صاحب کے زرعی فارم کی وجہ سے انہیں کی طرف منسوب ہے جو کہ حضرت صاحبزادہ مرزا سلطان احمد صاحب کے پوتے اور محترم مرزا رشید احمد صاحب کے فرزند تھے۔ نسیم آباد فارم ضلع میر پور خاص ایک لمبا عرصہ ناصر آباد فارم کی جماعت کا حصہ رہی جبکہ سال 1997-1998ء سے یہاں علیحدہ جماعتی نظام قائم ہوا۔ محترم ناصر احمد واہلہ صاحب اس جماعت کے صدر کے ساتھ حلقہ کنری کے امیر ہیں۔

نسیم آباد فارم ضلع میر پور خاص میں بھی صد سالہ احمدیہ خلافت جوبلی کی تقریبات بھرپور طریق پر منائی گئیں۔ ذیلی تنظیموں کو بیدار رکھنے کے لئے ماہ مئی 2008ء میں انفرادی جائزے اور حاضری کا اہتمام کیا گیا جن میں نماز' تلاوت ایم ٹی اے خطبہ جمعہ پر حاضری، خلافت جوبلی دعائیں اور نوافل شامل تھے۔

20/مئی 2008ء کو ایک جلسہ منعقد کیا گیا جس میں خاکسار اور مکرم عبدالسلام عارف صاحب مربی سلسلہ نے تقاریر کیں۔ حاضری 56 رہی۔

مورخہ 26 مئی 2008ء کو اجتماعی طور پر نفلی روزہ رکھا گیا۔ کثرت سے دعاؤں کی تلقین کی گئی نیز خلافت کی اہمیت پر درس دیئے گئے۔

تمام احباب جماعت نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی خدمت اقدس میں مبارکباد اور دعا کے خطوط لکھے۔

مورخہ 26 مئی 2008ء کو اجتماعی وقار عمل کے ذریعہ بیت الذکر کو صاف کیا گیا۔ بینرز آویزاں کئے گئے۔ چارٹ لگائے گئے۔ رات کو بیت الذکر میں چراغاں کیا گیا۔

27 مئی 2008ء کے تاریخی اور مبارک دن کا آغاز اجتماعی نماز تہجد سے کیا گیا۔ خواتین نے گھروں میں نماز تہجد ادا کی۔ فجر کی نماز کی ادائیگی کے بعد خلافت کی اہمیت و برکات پر درس ہوا۔ اجتماعی دعا کی گئی۔

ایک بکرا صدقہ کیا گیا۔ غرباء اور مساکین میں گوشت تقسیم کیا گیا۔

اجتماعی قربانی بھی کی گئی اور 27 مئی کو احباب کی خدمت میں اجتماعی کھانا پیش کیا گیا۔ ساتھ ہی تمام گوٹھ میں رہائش پذیر احمدی احباب اور دیگر کو کھانا بھجوایا گیا۔

مورخہ 27 مئی 2008ء شام کو تمام احباب جماعت نے اپنے پیارے امام کا تاریخی خطاب سنا اور عہد کی تجدید کی ان تمام پروگراموں میں 21 نو واردین نے بھی شرکت کی اور بھرپور انداز میں کردار ادا کیا۔

تمام پروگراموں کی فوٹو گرافی بھی کی گئی۔

مورخہ 30 مئی 2008ء کو خلافت جوبلی کے سلسلہ میں محترم مکرم محمد امین صاحب واہلہ کی زیر صدارت جلسہ منعقد کیا گیا جس میں خاکسار، مکرم وسیم احمد صاحب اور مکرم عبدالسلام عارف صاحب مربی سلسلہ ناصر آباد فارم نے تقاریر کیں۔ حاضری 77 رہی۔ تمام احباب جماعت میں شیرینی تقسیم کی گئی۔

ماہ اپریل 2008ء میں خلافت خامسہ کے انتخاب کے سلسلہ میں جلسہ خلافت منعقد کیا گیا جس میں خاکسار، مکرم عبدالسلام عارف صاحب مربی سلسلہ ناصر آباد فارم اور مکرم ناصر احمد صاحب واہلہ صدر جماعت احمدیہ نسیم آباد فارم نے تقاریر کیں۔ حاضری 48 رہی۔

ماہ جون 2008ء میں سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ تعالیٰ کے انتخاب خلافت کے سلسلہ میں جلسہ خلافت کا انعقاد کیا گیا۔ خاکسار اور مکرم عبدالسلام عارف صاحب مربی سلسلہ ناصر آباد فارم نے تقاریر کیں۔ حاضری 50 رہی۔

احباب سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے ہمیں مقبول خدمات کے مواقع عطا فرمائے۔ آمین

گلابوں کی جنگیں

1455ء میں برطانیہ کی بدترین خانہ جنگی شروع ہوئی جو گلابوں کی جنگیں (Wars of Roses) کے نام سے مشہور ہے۔ دراصل اس خانہ جنگی میں ایک فریق (لنکاسٹر) کا نشان سرخ گلاب تھا اور دوسرے فریق (یارک) کا نشان سفید گلاب۔

اس خانہ جنگی نے ڈیوک آف لنکاسٹر اور ڈیوک آف یارک کے درمیان اقتدار کی رسہ کشی کے باعث جنم لیا۔ کبھی ایک فریق کا پلہ بھاری ہوجاتا اور کبھی دوسرے کا۔ خانہ جنگی تین برس تک جاری رہی۔ نتیجتاً برطانوی امراء اتنے کمزور ہوگئے کہ وہ ٹیوڈر بادشاہت کا عروج نہ روک سکے۔

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

مکرم پروفیسر محمد اسلم سجاد صاحب

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الاول کے قیمتی نسخہ جات اور طبی مہارت کے اصول

بیاض نورالدین

"سن اشاعت 1909ء۔ مرتبہ مفتی فضل الرحمٰن صاحب ایڈیٹر رسالہ طبیب حاذق۔ حضرت خلیفہ اول کی بیاض خاص سب سے پہلے رسالہ طبیب حاذق قادیان میں مفتی فضل الرحمٰن صاحب نے 6-1905ء میں شائع کی تھی۔ بعد میں حضور کی اجازت سے انہوں نے 1909ء میں اسے مجربات نورالدین کے نام سے تین جلدوں میں شائع کر دیا۔ 1924ء میں آپ نے بیاض نورالدین حصہ اول کے نام سے یہی کتاب دوبارہ کتابی صورت میں شائع کی اور 1925ء میں بیاض نورالدین کا دوسرا حصہ شائع کیا۔ حصہ اول کے 316 اور حصہ دوم کے 268 صفحات ہیں۔ ان میں مجربات نورالدین کی مکمل نقل کے علاوہ بہت سے اضافے بھی ہیں۔ جو حضرت خلیفہ اول نے اپنی بیاض میں خود فرمائے تھے۔"

(حیات نور صفحہ 757)

اصل بیاض نورالدین

الجزء الاول

سن اشاعت 1928ء مرتب کنندہ۔ ابناء حضرت خلیفہ اول صفحات 368۔ حضرت خلیفہ اول کی یہ وہ طبی بیاض ہے جو حضور نے اپنی آخری عمر میں تحریر فرمائی۔ افسوس ہے کہ اس کا ابھی تک صرف ایک حصہ شائع ہوا ہے۔ باقی دو حصے حضرت خلیفہ اول کے ابناء کے پاس محفوظ ہیں۔ کتاب کے اوپر کے حصہ میں اصل متن ہے اور نیچے تشریحی نوٹ حضرت حکیم مولوی عبیداللہ صاحب بسمل کے ہاتھ کے لکھے ہوئے ہیں جو سلسلہ کے ایک جید عالم، فارسی کے مشہور قادر الکلام شاعر اور ارجح المطالب کے مصنف تھے۔

(حیات نور صفحہ 757)

خدمت خلق

حضرت مولانا نورالدین نے پچاس سال خلق خدا کی مفت خدمت کی۔ ان کا مطب ایک کمرہ تھا۔ جس کے فرش پر کھجور کے پتوں کی چٹائی بچھی تھی۔ ایک طرف ان کی اپنی مسند تھی جس کے لئے دری کا مصلی دوہرا کر کے بچھا ہوا تھا جس کے ساتھ چھوٹی میز پر قلمدان اور سفید کاغذ رہتے تھے۔ مریض باری باری آتے اپنی کیفیت سناتے اور نسخہ لے کر چلے جاتے۔ جو لوگ شفایاب ہوتے اپنی خوشی سے مصلی کے نیچے کچھ رکھ جاتے۔ حضور نے کبھی توجہ نہیں کی کہ رکھنے والے نے پیسہ رکھا ہے یا سو کا نوٹ اور نہ ہی کسی سے کبھی کچھ طلب کیا جاتا۔ (بیاض نورالدین صفحہ 21)

مختصر، جامع اور آسان نسخے

حضرت مولانا نورالدین کے نسخوں کا سب سے بڑا کمال ان کا مختصر، جامع اور آسان ہونا ہے۔ سوزاک کے علاج میں طب یونانی میں اگرچہ بڑے بڑے طویل و عریض نسخے ہیں مگر انہوں نے بھوپال کے ولی عہد کا علاج صرف قلمی شورہ اور آب کیلا سے کیا۔

(بیاض نورالدین صفحہ 22)

اکسیر شافی اور مے اینڈ بیکر کمپنی کی دوا

"تبخیر معدہ کے لئے حضرت خلیفہ اول نے دافع تعفن اور کاسر الریاح ادویہ کی "اکسیر شافی" ترتیب دی۔ ان کی وفات کے عرصہ بعد انگلستان کی مے اینڈ بیکر کمپنی نے ہیضہ اور آنتوں کی سوزش کے لئے ایک دوائی Essentiat Oil Mixture کے نام سے تیار کی۔ جسے عالمگیر شہرت ملی اور حسن اتفاق ملاحظہ ہو کہ اس میں حرف بحرف وہی اجزا ہیں جو اکسیر شافی میں موجود ہیں"۔ (بیاض نورالدین صفحہ 24)

آیورویدک پڑھنا

حضور فرماتے ہیں:

"جب راجہ پونچھ کو قلعہ باہو میں ذوسنطاریا نے آدبایا تھا وہاں سبوس اسپغول، انجبار اور شیرہ بکن نے مجھے تحریک دی کہ میں ہندی طب (آیورویدک) پڑھوں۔ کیونکہ بکن کی نسبت صرف ہندی طب رہنما ہوئی تھی۔ اس کام کے لئے پنڈت ہرنام داس بوڑھے پنڈت انتخاب کئے اور ان سے امرت ساگر اور سسرت سبقاً پڑھا اور طب جدید (ایلوپیتھی) کی بہت سی مصری کتابیں منگوا کر مطالعہ کیں اور وہ بھی مجھ کو بچوں سے کم عزیز نہ سمجھتے تھے۔ اس میرے پڑھنے کی خبر مہاراج جموں کو کی گئی کہ یہ شخص ابھی پنڈت ہرنام داس سے طب پڑھتا ہے۔ جو آپ کا ادنیٰ نوکر ہے۔ مجھ سے جب پوچھا گیا کہ تم دربار میں پنڈت ہرنام داس کی تواضع زیادہ کیوں کرتے ہو؟ تو میں نے کہا کہ وہ میرے استاد ہیں۔ اس میری گفتگو نے رئیس کے دل پر بہت ہی بڑا اثر کیا اور مجھ کو بڑی عظمت سے دیکھنے لگا۔"

(بیاض نورالدین صفحہ 180)

غرباء کو دوا مفت دیتے

"آپ مریضوں سے (کسی قسم کا معاوضہ یا فیس) مانگتے نہیں تھے اور غرباء کو دوا بالکل مفت دیتے تھے اور یہی دستور آپ کا آخر دم تک رہا۔ فصد کرنا، معجون اور شربت کا استعمال آپ قبیح سمجھتے تھے۔"

(تاریخ احمدیت جلد 3 صفحہ 77)

عظیم الشان طبی خدمات

"ملازمت ریاست کے دوران مہاراجہ کی توقع کے مطابق ریاست کو بھاری فائدہ ہوا اور آپ کے قدم سے اس کی خوش نصیبی کے دن پلٹ آئے نجی طور پر بھی آپ نے مطب جاری کر رکھا تھا جس سے عوام و خواص وسیع پیمانہ پر استفادہ کرتے تھے۔ بے شمار لاعلاج مریض آپ کے ہاتھوں شفایاب ہوئے۔ میاں لعل دین صاحب رئیس جموں (جو خدمت گاری کے عہدے پر فائز تھے) ان کی بیٹی نے زہیر کاذب کی مرض سے نجات پائی جس پر انہوں نے آپ کو ایک پارقندی یا بوسع زین بھی دیا اور خلعت بھی ملی۔ ایک چنگی افسر نے شدید قولنج سے شفا پائی۔ بعض لوگ جو خطرناک ضعف باہ میں مبتلا تھے آپ کے علاج سے صحت یاب ہوئے۔ 1879ء کے قریب کشمیر میں سخت قحط پڑا اور اس کے بعد ہیضہ کی خطرناک وبا پھوٹ پڑی اور ہزاروں لوگ لقمۂ اجل ہوئے۔ آپ نے اس وبا میں مخلوق خدا کی خدمت میں دن رات ایک کر دیا جس پر آپ کو مہاراجہ صاحب نے ایک نہایت قیمتی خلعت بطور انعام پیش کی۔ 81-1880ء میں راجہ پونچھ کو پیچش کے شدید مرض سے مخلصی ہوئی اور کئی سال تک وہ آپ کو خطیر رقم بطور شکریہ بھجواتے رہے۔ 1886ء میں راجہ پونچھ کے بیٹے ٹکہ بلدیو سنگھ کو زلزلوں سے دماغی خلل ہو گیا جس کا آپ نے ایسا کامیاب علاج کیا کہ راجہ پونچھ نے ہزاروں روپے دئے۔ بلکہ مہاراجہ جموں و کشمیر نے آپ کو سال بھر کی تنخواہ کے علاوہ مزید انعام دیا۔ غرض کہ کہاں تک ذکر کیا جائے تاریخ کشمیر کا یہ دور نہایت سنہری دور ہے۔ جس میں ریاست کو آپ سا بے مثال حکیم و حاذق طبیب میسر آیا اور ہزاروں جانیں تلف ہونے سے بچ گئیں۔"

(تاریخ احمدیت 3 صفحہ 88)

انقلاب کے بانی

آپ یونانی، ڈاکٹری اور ویدک تینوں علوم میں یکتائے زمانہ بن گئے۔ دنیائے طب میں ایک نیا انقلاب آیا۔ جس کے نتیجہ میں ہر قسم کی طبی تحقیقات کا اجتماع ہو گیا اور اس انقلاب کے بانی آپ تھے۔"

(تاریخ احمدیت جلد 3 صفحہ 111)

ایلوپیتھی کا شوق

حضور فرماتے ہیں۔

"ان دنوں شریف مکہ کو سنگ مثانہ تھا۔ چونکہ فرانس کے ساتھ وہاں کے شریف کا تعلق تھا، فرانس سے وہ آلہ جس سے پتھری پیس کر نکالتے ہیں، منگوایا گیا اور ڈاکٹر صاحب نے اس کو پیس کر نکالا۔ اس کامیاب تجربہ سے مجھے ڈاکٹری طب کا بہت شوق ہوا۔" (مرقاۃ الیقین صفحہ 117)

بھیرہ میں مطب کی ابتدا

حضور فرماتے ہیں

"میں نے توکلاً علی اللہ اپنے ایک طالب علم سے کہا کہ یہ سرمہ بناؤ۔ جست بیس ماشہ، سرمہ سیاہ بیس ماشہ، زنگار تین ماشہ، سفیدہ کاشغری چار ماشہ، افیون تین ماشہ، سمندر جھاگ چار ماشہ اور اسی طرح کا ایک اور سرمہ جس میں افیون نہ ہو۔ میں نے عصر کے بعد وضو کرتے وقت ایک شخص کی آنکھ کو غور سے دیکھ کر پہلی قسم کا سرمہ لگا دیا۔ اس کی دیکھا دیکھی ایک اور نے درخواست کی اس کے بھی لگا دیا۔ یہ ہمارا پہلا اشتہار تھا۔ صبح بہت سے لوگ آئے اور سرمہ ہی طلب کیا۔ ہمارے شہر میں رطوبت کے زیادہ ہونے سے یہ بیماری بکثرت تھی۔ بعض کو نزلی اور بعض کو معدی آشوب تھا اور بعض کو طبقات العین میں۔ اس لئے اطریفل کشنیزی جس میں گل اسطوخودوس پڑتا ہے اس کی ہدایت کی۔ بعض کے کان پیچھے یا ہڈی یا گردن پر پلاسٹر لگا دیا۔ خدا تعالیٰ ہی کے عجائبات ہیں کہ اس تدبیر نے بڑی کامیابی کا منہ دکھلایا۔" (مرقاۃ الیقین صفحہ 147)

غیر معمولی شہرت

شفاء الملک حکیم محمد حسین قریشی اپنی مرتبہ "بیاض خاص" میں لکھتے ہیں:

"حکیم (نورالدین) صاحب موصوف دور گزشتہ کے ان تین چار طبیبوں میں سے ہے جن کا اسم گرامی ہندوستان کے طول و عرض میں غیر معمولی شہرت حاصل کئے ہوئے تھا۔"

(حیات نور صفحہ 770)

ڈاکٹروں کا مشورہ

"یہ بھی ایک روایت ہے کہ کوئی شخص انگلستان میں بغرض علاج گیا۔ تو ڈاکٹروں نے مشورہ دیا کہ ہندوستان میں جا کر مولوی حکیم نورالدین صاحب سے علاج کروائیں۔"

(تاریخ احمدیت جلد 3 صفحہ 535)

قانون کی کیا حقیقت ہے؟

حضور فرماتے ہیں:

"میرے استاد نے مجھ سے کہا کہ تم قانون (قانون شیخ طب کی ایک بنیادی کی کتاب۔ ناقل) کس طرح پڑھو گے میں نے کہا میں نے تو قرآن شریف

پڑھ سکتا ہوں۔قانون کی کیا حقیقت ہے؟‘‘
(مرقاۃ الیقین)

معمولی علامات سے اہم نتائج

حضرت خلیفہ اول کی طبی مہارت کا ایک پہلو یہ ہے کہ بظاہر معمولی علامات سے بھی اہم نتائج نکال لیتے تھے۔آپ کا یہ مزاج روزمرہ زندگی میں بھی کارفرما تھا۔مثلاً فرماتے ہیں۔

رامپور میں مرزا رجب علی بیگ سرور مصنف فسانۂ عجائب سے کہا کہ مرزا صاحب! مجھ کو اپنی کتاب فسانۂ عجائب پڑھا دو۔ایک دو صفحہ ہی پڑھا تھا کہ یہ فقرہ آیا ’ادھر مولوی ظہور اللہ و مولوی محمد مبین وغیرہ اور ادھر مولوی تقی و میر محمد مجتہد وغیرہ میں نے اس فقرہ پر پہنچ کر ان سے کہا کہ مرزا صاحب یہ بتاؤ کہ تم سنی کیسے ہوئے؟ نہایت حیران اور متعجب ہو کر کہنے لگے کہ تم نے یہ کیسے معلوم کیا کہ میں سنی ہوں؟ میں نے کہا............ادھر کا لفظ اپنی طرف اشارہ ہوتا ہے آپ نے اِدھر کے ساتھ سنی مولویوں کے نام لکھے ہیں اور جب لکھا ہے اُدھر تو............شیعوں کے نام لکھے ہیں۔
(مرقاۃ الیقین صفحہ 245)

دودھ۔جلیبیاں اور ریاح

حضور فرماتے ہیں۔

’’میں نے ایک روز دودھ اور جلیبیاں خوب کھا لیں۔اس کی وجہ سے ریاح بہت خارج ہوئی۔اس روز مجھ کو الہام ہوا بطن الانبیاء صامۃ
(مرقاۃ الیقین صفحہ 298)

ایک پیسہ نذرانہ

حضور فرماتے ہیں

’’میں نے ایک مرتبہ کسی کا علاج کیا۔ایک بڑھیا نے نذرانہ میں مجھ کو سکھوں کے وقت کا تانبے کا ایک پیسہ دیا۔میں نے خوشی سے لیا اور سوچا اسے خدا کے نام پر کسی کو دوں تو کم سے کم اس ایک پیسہ کے 700 پیسے بنا سکتا ہوں۔
(مرقاۃ الیقین صفحہ 304)

طبی کتب کا درس

’’قادیان میں ابتدائے ہجرت سے لے کر تا وصال حضرت مسیح موعود قریباً پندرہ سال آپ صبح سویرے بیماروں کو دیکھتے تھے۔اس کے بعد طالب علموں کو درس حدیث و طبی کتب دیتے تھے۔‘‘
(مرقاۃ الیقین صفحہ 309)

آیورویدک طب پڑھنا

’’کشمیر کی ملازمت کے دوران شاہی طبیب کے عہدۂ جلیلہ پر فائز ہونے کے باوجود ایک معمولی پنڈت سے آیورویدک طب پڑھنا شروع کر دی تھی اور اس پنڈت کی آپ بہت عزت کیا کرتے تھے۔‘‘
(حیات نور صفحہ 685)

حکیم الہ دین صاحب سے

طب پڑھنا

’’پھر آپ لاہور تشریف لے آئے اور مشہور حکیم الہ دین صاحب مرحوم گمٹی بازار سے طب پڑھنا شروع کی۔حکیم صاحب موصوف آپ کو موجز پڑھاتے تھے۔‘‘
(حیات نور صفحہ 13)

کتابیں نقل کرنے کے لئے

بھوپال و مصر بھیجنا

حضرت مولوی نورالدین صاحب نے حضرت مولوی غلام نبی صاحب کو جو حضور کے عزیز شاگردوں میں سے تھے، بعض نایاب کتابوں کو نقل کر کے لانے کے لئے 1899ء میں بھوپال اور 1902ء میں مصر بھیجا۔حضرت مولوی غلام نبی صاحب مصری فرمایا کرتے تھے کہ:

’’حضرت خلیفۃ المسیح اول نے مجھے نورالحسن خاں صاحب خلف نواب صدیق حسن خاں صاحب کے کتب خانہ سے تفسیر شوکانی نقل کرنے کے لئے بھیجا تھا۔یہ کتاب میں نے ایک سال میں نقل کی۔یہ کتاب چھ جلدوں میں تھی۔یہ اس سال کی بات ہے جب خطبہ الہامیہ لکھی گئی۔

’’1902ء میں حضرت خلیفۃ المسیح الاول نے لائبریری جامعہ ازہر اور گورنمنٹ مصر کی لائبریری سے کتاب شفاء العلیل فی مسائل القضا و القدر والتعلیل مصنفہ ابن قیم نقل کرنے کے لئے بھیجا۔اس کتاب کی ضخامت سات آٹھ سو صفحات ہو گی۔ڈیڑھ سال میں یہ کتاب نقل ہوئی۔اس کے علاوہ ایک اور کتاب ھمع الھوامع معہ شرح جامع الجوامع مصنفہ امام سیوطی بھی نقل کر کے آپ کی خدمت میں بھیجا کرتا تھا۔یہ کتاب سات سو صفحات پر مشتمل تھی‘‘۔ (حیات نور مؤلفہ شیخ عبدالقادر صفحہ 241)

آپریشن خود کیا

’’ایک غریب ملازم نے ایک بیماری بیان کی۔اسے اگلے روز آنے کو کہا جب آیا تو اسے ہندوستان کے مشہور اطبا اور ڈاکٹروں کے نام ذاتی خط لکھ کر دئے کہ وہ ان کے پاس جا کر اپنی بیماری کا حال بتائے۔ان سے نسخہ لکھوائے اور جو فیس وہ طلب کریں وہ ان کی طرف سے ادا کر دے۔یہ مریض ان کے مصارف پر چھ ماہ میں پچاس حکیموں اور ڈاکٹروں کے مشورے لے کر واپس آیا۔امرتسر کے انگریز سول سرجن کرنل سمتھ کی رائے سے اتفاق کرتے ہوئے آپریشن کا مشورہ دیا۔کرنل سمتھ کے اپریشن سے جب فائدہ نہ ہوا تو ایک دیہاتی سنار سے چاندی کے اوزار بنوائے اور باقی ماندہ اپریشن خود کیا۔مریض تندرست ہو گیا۔

اس مریض کی روداد میں دلچسپ ترین بات یہ ہے کہ اسے پورا ہندوستان گھمایا۔ہزاروں روپیہ اپنی گرہ سے خرچ کیا۔تا کہ وہ یہ جان سکیں کہ دوسرے طبیب اس بیماری کا کیا علاج کرتے ہیں؟ آپریشن کے دوران اوزاروں کا صاف ہونا ایک مشکل مسئلہ ہے۔ہسپتالوں میں اس غرض کے لئے لاکھوں روپے کے آلات نصب کئے جاتے ہیں۔لیکن چاندی میں یہ منفرد صلاحیت ہے کہ وہ جراثیم کو خود ہلاک کر سکتی ہے۔اس لئے چاندی کے اوزار سے لگایا گیا زخم خراب نہیں ہوتا۔‘‘ (بیاض نورالدین 19)

جاگیر لینے سے انکار

’’حضرت خواجہ غلام فرید سجادہ نشین چاچڑاں شریف کے مشورہ پر نواب بہاولپور نے ان کو اپنے علاج کے لئے مدعو کیا۔شفایاب ہونے پر ان کو خواہش ہوئی کہ حکیم نورالدین صاحب ریاست بہاولپور ہی میں بس جائیں تا کہ اور لوگ بھی فائدہ اٹھا سکیں۔نواب صاحب نے چاہا کہ ان کو ہزاروں ایکڑ کی ایک جاگیر دے کر فکر معاش سے آزاد کر دیں۔انہوں نے کہا:

اب تو آپ اپنی ضرورت کے لئے چل کر بھی میرے پاس آتے ہیں اور جب میں ریاست کا ایک ذیلی جاگیردار ہوا تو حاضری دینا میرا فرض ہو گا .... میں سرمایے کے بدلے وقار کا سودا کرنے سے معذور ہوں۔‘‘
(بیاض نورالدین صفحہ 20)

پاگل پن کا علاج

’’پونچھ کے راجہ کا ولی عہد پاگل پن کی وجہ سے لاعلاج قرار دیا جا چکا تھا۔راجہ کی گدی آئندہ خطرہ میں تھی۔مہاراجہ کشمیر کی ہدایت پر اس کا علاج کرنے گئے تو وہ لڑکا ایک ماہ میں شفایاب ہو گیا۔اس نے تحفہ میں جو کچھ دیا وہ مطبع مجتبائی دہلی کو بھیج دیا تا کہ وہ (دین) پر عیسائی پادریوں کے سوالات کے جواب میں ایک زبردست تالیف ’’فصل الخطاب فی رد اہل الکتاب‘‘ چار جلدوں میں طبع کر کے مفت تقسیم کے لئے تیار کریں۔‘‘
(بیاض نورالدین صفحہ 20)

طب اور توحید

حضور فرماتے ہیں۔

’’طب کے پیشہ میں دو بار مجھ کو اللہ تعالیٰ نے مار مار کر توحید سکھلائی اور دونوں واقعوں سے اعتماد علی المخلوق اللہ تعالیٰ نے میرے دل سے بالکل نکال دیا پہلا واقعہ یہ ہے کہ ایک شخص کو محرقہ تپ تھی اور وہ ایک بڑا امیر کبیر آدمی تھا۔میں نے اس کے علاج میں بہت ہی زور لگایا اور مجھ کو یقین تھا کہ ساتویں دن اس کو بحران ہو جائے گا۔ساتویں روز کی رات میں شام ہی سے اس کو خوب اضطراب شروع ہوا اور میں نے اس کو فال نیک سمجھا۔اس کے گھر والے تو اس علم سے ناواقف تھے۔انہوں نے رات ہی کو ایک طبیب (اس طبیب کا نام کرم علی تھا یہ پنڈ دادنخاں کا ایک خاندانی طبیب تھا) کو بلایا۔وہ آخر شب وہاں پہنچا۔بڑا تجربہ کار آدمی تھا۔اس کو یقین ہو گیا کہ مریض کے عوارض تو روبہ انحطاط ہیں اب بحران شروع ہونے والا ہے۔آتے ہی اپنے پاس سے ایک پڑیہ بہت جلدی نکال کر وہاں بید مشک رکھا ہوا تھا اس کے ساتھ کھلائی۔میری طرف دیکھ کر ہنسا اور ان سے کہا کہ یہ کیا تپ ہے ابھی ہماری پڑیہ سے ٹوٹ جائے گا۔کچھ وقفہ کے بعد اس کو بحران شروع ہوا۔گھر والوں نے سمجھا کہ اس حکیم کے پاس اکسیر کی پڑیہ تھی۔واللہ نورالدین کو آج چھ روز ہوئے۔کس قدر اس نے زور لگایا اور ذرا بھی فائدہ نہ ہوا اور آج کی رات تو بڑی تکلیف کی تھی۔اس حکیم نے بھی بحران کے بعد بہت بڑا انعام مانگا۔مجھ کو یہ انعام ملا کہ مخلوق پر بھروسہ نہ کرنا۔
(مرقاۃ الیقین صفحہ 159-160)

لاہور سے انگریز ڈاکٹر

کا بلوایا جانا

حضرت صاحبزادہ مرزا بشیر احمد صاحب فرماتے ہیں:

’’ابتداء میں (آپ کو) صرف پسلی کے درد کی تکلیف اور گاہے گاہے ہلکی حرارت اور قے وغیرہ کی شکایت تھی جو آہستہ آہستہ سل کی صورت اختیار کر گئی اور اس بیماری نے اس قدر زور پکڑ لیا کہ پھر اس کے بعد آپ بستر سے نہ اٹھ سکے‘‘۔

جب ضعف بہت ترقی کر گیا، آواز بھی نحیف ہو گئی اور غذا بھی برائے نام رہ گئی تو 14 فروری 1914ء کو حضرت بھائی عبدالرحیم صاحب قادیانی لاہور بھجوائے گئے تا احباب لاہور کے مشورہ سے کسی ماہر انگریز ڈاکٹر کو بلا لائیں۔چنانچہ ڈاکٹر ملول صاحب لے جائے گئے۔ڈاکٹر سید محمد حسین شاہ صاحب بھی ساتھ تھے۔انگریز ڈاکٹر نے کافی دیر تک معائنہ کرنے کے بعد کہا کہ پھیپھڑا ٹھیک ہے۔نبض اچھی ہے۔معدہ میں کچھ قصور ہے اور بڑھاپے کی وجہ سے اعصاب میں کمزوری۔پھر ڈاکٹر مرزا یعقوب بیگ صاحب، ڈاکٹر سید محمد حسین شاہ صاحب اور ڈاکٹر خلیفہ رشید الدین صاحب سے مشورہ کیا اور وہی نسخہ تجویز کیا جو پہلے استعمال ہو رہا تھا اور مقوی غذا بتائی۔

محترم مولوی محمد یعقوب صاحب انچارج صیغہ زودنویسی ربوہ نے حضرت مولوی سید محمد سرور شاہ صاحب کی طرف منسوب کر کے بیان فرمایا کہ انگریز حضور کا کافی دیر تک معائنہ کرتا رہا۔جب وہ اپس چلا گیا تو حضرت خلیفہ اول نے فرمایا کہ:

’’اس ڈاکٹر نے محض اپنی فیس وصول کرنے کے لئے میرے معائنہ پر اتنا وقت صرف کیا ہے ورنہ جو مرض مجھے ہے اس کی تشخیص تو اتنی آسان ہے کہ جب میں مطب میں بیٹھا ہوا کام کر رہا ہوتا ہوں اور کوئی شخص باہر سے آ کر مجھے کہتا ہے۔مولوی صاحب! سلام۔تو

مجھے آنکھ اٹھا کر اسے دیکھنے بھی ضرورت محسوس نہیں ہوتی۔ بلکہ میں اس کی آواز سے ہی پہچان جاتا ہوں کہ اسے یہ مرض ہے۔''

(حیات نور صفحہ 693-694)

دیگر طبوں کا استعمال

حضور فرماتے ہیں

ایک بیمار ایسے فالج میں گرفتار ہوا جس کا فالج پاؤں کے اطراف عصابہ سے شروع ہوا اور روز مرہ بڑھتا گیا۔ پھر ہاتھ بھی مفلوج ہو گئے۔ اس کے باپ نے میری طرف رجوع کیا۔ طب یونانی اس مرض سے جہاں تک میرا خیال ہے خاموش ہے۔ قواعد کلیہ سے کام لینا اس وقت میری طاقت سے باہر تھا۔ تیمار دار ڈاکٹروں کا منکر تھا۔ ڈاکٹری مسودہ بھی اس وقت میری سمجھ میں پورا نہ آیا۔ غرض میں نے کسٹر آئل، کلونجی اور شہد پلایا اور مسہل کے بعد اس کے فقرات ظہر پر ایک پلسٹر لگا دیا جس سے اس کا سانس ٹھہر گیا۔ پھر اسے کچھ کونین اور فولا دو تین روز حب فرفیون ہفتہ میں دو بار دینا شروع کیا۔ یہی اصول علاج تھے جو اس وقت کئے اور کامیابی ہوئی۔ (مرقاۃ الیقین صفحہ 162)

ایک اہم نکتہ

ایک مرتبہ طالب علموں میں مباحثہ ہوا کہ اہل کمال اپنا کمال کسی کو بتاتے ہیں یا نہیں؟ میرا دعویٰ تھا کہ اہل کمال تو اپنا کمال سکھانے اور بتانے کے لئے تڑپتے ہیں مگر کوئی سیکھنے والا نہیں ملتا۔ باقی تمام طالب علم کہتے تھے کہ سیکھنے والے بہت ہیں مگر وہ سکھاتے ہی نہیں۔ میں نے کہا تم یوں تو مانتے نہیں اور نہ تم ہارنا جانتے ہو۔ کوئی صاحب کمال بتاؤ۔ اس کے پاس چل کر اسی سے فیصلہ کرائیں۔ سب نے بالاتفاق کہا کہ یہاں امیر شاہ صاحب عامل ایک باکمال ہیں۔ ان کا ایک باغیچہ شہر کے اندر تھا۔ سب طالب علم ان کے مکان پر چلے گئے۔ وہ ایک لکڑی کے تخت پر تکیہ لگائے لیٹے ہوئے تھے اور پاس ہی زمین پر ایک چھوٹی سی چٹائی بچھی ہوئی تھی۔ جو ہمارے بڑے بڑے طالب علم اور زیادہ مستحق تھے وہ فوراً سب سے پہلے چٹائی پر بیٹھ گئے۔ باقی بہت سے طالب علم زمین پر ہی بیٹھ گئے۔ چونکہ مجھ کو زمین پر بیٹھنے کی قطعاً عادت نہ تھی اور اب بھی مجھے بڑی نفرت ہوتی ہے۔ میں سامنے کی ایک کچی دیوار کے پاس کھڑا رہا۔ جب سب بیٹھ گئے تو امیر شاہ صاحب نے بڑی حقارت سے کہا۔ ''اوملو! کس طرح آئے''۔ میں نے عرض کیا۔ ایک مقدمہ ہے جس میں یہ سب لوگ مدعی اور میں مدعا علیہ ہوں یا میں مدعی ہوں اور یہ سب مدعا علیہ ہیں۔ آپ سے فیصلہ چاہتے ہیں۔ تب انہوں نے مجھ سے فرمایا کہ تم کھڑے کیوں ہو؟ میں نے عرض کیا کہ چٹائی بہت چھوٹی ہے جو ہمارے اعزاز کے قابل طالب علم تھے۔ وہ بیٹھ گئے اب کوئی جگہ نہیں اس لئے میں کھڑا ہوں۔

انہوں نے فرمایا تم ہمارے پاس آ جاؤ۔ میں فوراً تخت پر ان کے پاس جا بیٹھا۔ طالب علموں کا تو اس وقت فیصلہ ہو گیا۔ مگر انہوں نے مقدمہ سن کر صاف لفظوں میں مجھ سے کہا کہ تم سچے ہو اور یہ سب غلطی پر ہیں۔ میں نے کہا بس فیصلہ ہو گیا۔ اب جاتے ہیں۔ میں جب اٹھ کر چلنے لگا تو انہوں نے مجھ کو پھر بٹھایا اور خود اٹھ کر ایک قریب کی کوٹھڑی میں گئے وہاں سے ایک قلمی ضخیم کتاب لائے۔ میں نے اس کو دیکھا تو عملیات کی کتاب تھی۔ مجھ سے فرمانے لگے کہ میری ساری عمر کا اندوختہ یہی ہے اور میں یہ کتاب تم کو دیتا ہوں۔ میں نے کہا میں تو طالب علم ہوں۔ ابھی پڑھتا ہوں مجھ کو اس کی ضرورت نہیں۔ یہ سن کر وہ چشم پر آب ہو گئے اور کہنے لگے کہ ہم تم کو دیتے ہیں اور تم لیتے نہیں۔ یہ لوگ مانگتے ہیں اور ہم ان کو دیتے نہیں۔ پھر بھی جب میں اٹھنے لگا تو انہوں نے فرمایا کہ ہم ایک بات عملیات کے متعلق کہتے ہیں۔ اس کو سن لو۔ جب کوئی شخص تمہارے پاس کسی غرض کے لئے آئے تو تم کو چاہئے کہ تم جناب الٰہی کی طرف جھک جاؤ اور یوں التجا کرو کہ الٰہی میں نے اس کو نہیں بلایا۔ تو نے خود بھیجا ہے۔ جس کام کے لئے آیا ہے اگر وہ کام تجھ کو کرنا منظور نہیں تو جس گناہ کے سبب میرے لئے تو نے یہ سامان ذلت بھیجا۔ میں اس گناہ سے توبہ کرتا ہوں۔ پھر بھی دوبارہ تمہاری اس دعا مانگنے کے بعد وہ شخص اصرار کرے تو دوبارہ اللہ تعالیٰ کے حضور دعا مانگ کر اس کو کچھ لکھ دیا کرو۔ مجھ کو امیر شاہ صاحب کے بتائے ہوئے اس نکتہ نے آج تک بڑا فائدہ دیا۔ مگر ان طلباء نے مطلق توجہ نہیں کی اور ان کو کچھ بھی خبر نہ ہوئی کہ انہوں نے کیا بتا دیا۔ جب وہاں سے باہر نکلے تو طالب علموں نے میری نسبت کہا کہ اس کو حب کا عمل آتا ہے ہے اس نے کھڑے ہو کر ان پر بھی حب کا عمل ڈالا اور وہ اس کے قابو میں آ گئے اور اسی واسطے یہ ہمیشہ بڑے بڑے امیروں اور معززوں میں رہتا ہے اور سب اس کی خاطر کرتے ہیں۔

(مرقاۃ الیقین صفحہ 94-95)

مجربات نورالدین
حصہ اول۔ دوم۔ سوم

سن اشاعت=1909ء

مرتبہ= مفتی فضل الرحمٰن صاحب ایڈیٹر رسالہ طبیب حاذق

حضرت خلیفہ اول کی بیاض خاص سب سے پہلے رسالہ ''طبیب حاذق'' قادیان میں مفتی فضل الرحمٰن صاحب نے 1905-06ء میں شائع کی تھی۔ بعد میں حضور کی اجازت سے انہوں نے 1909ء میں اسے ''مجربات نورالدین'' کے نام سے تین جلدوں میں شائع کر دیا۔ 1924ء میں آپ نے ''بیاض نورالدین'' حصہ اول کے نام سے یہی کتاب دوبارہ کتابی صورت میں شائع کی اور 1925ء میں بیاض نورالدین کا دوسرا حصہ شائع کیا۔ حصہ اول کے 316 اور حصہ دوم کے 268 صفحات ہیں۔ ان میں مجربات نورالدین کی مکمل نقل کے علاوہ بہت سے اضافے بھی ہیں۔ جو حضرت خلیفہ اول نے اپنی بیاض میں خود فرمائے تھے۔

شفاء الملک جناب حکیم محمد حسین صاحب قرشی کا حوالہ

''حکیم (نورالدین) صاحب موصوف دور گزشتہ کے ان تین چار طبیبوں میں سے ہیں جن کا اسم گرامی ہندوستان کے طول و عرض میں غیر معمولی شہرت حاصل کئے ہوئے تھا۔ لکھنؤ میں حکیم عبدالعزیز صاحب، دہلی میں حکیم عبدالمجید خان صاحب اور پنجاب میں حکیم نورالدین صاحب۔ یہی تین ایسے طبیب تھے جو دوسرے سب طبیبوں سے ممتاز اور معالجہ میں شہرۂ آفاق تھے۔''

(بیاض خاص صفحہ 27 بحوالہ حیات نور صفحہ 770)

طبیبِ بے مثال

اخبار ''بھارت'' نے 20 مارچ 1914ء کی اشاعت میں آپ کو ''طبیب بے مثال'' قرار دیا۔

خصوصیت سے قابل ذکر باتیں

اخبار ''طبیب'' دہلی رقمطراز ہے:

''افسوس کہ ہندوستان کے ایک مشہور معروف طبیب مولوی حاجی حکیم نورالدین صاحب جو علوم دینیہ کے بھی متبحر عالم باعمل تھے اور جماعت احمدیہ کے محترم پیشوا۔ کچھ عرصہ عوارض ضعف پیری میں مبتلا رہ کر آخر جمعہ گزشتہ کو قریباً اسی سال کی عمر پا کر رحلت فرما گئے۔ حکیم صاحب مغفور بلالحاظ احمدی و غیر احمدی یا مسلم یا غیر مسلم سب کے ساتھ شفقت علیٰ خلق اللہ کا ایک اعلیٰ نمونہ تھے۔ آپ کے طریق علاج میں یہ چند باتیں خصوصیت سے قابل ذکر ہیں:

ا۔ یار و اغیار، مومن و کافر سب کو ایک نظر دیکھنا

ب۔ طب یونانی و ویدک کے علاوہ مناسب موقعہ پر ڈاکٹری مجربات سے بھی ابنائے ملک و ملت کو مستفید فرمانا۔

ج۔ بعض خطرناک امراض کا علاج قرآن شریف سے استخراج کرنا۔

د۔ دوا کے ساتھ دعا بھی

ہ۔ علاج معالجہ کے معاملے میں کسی کی دنیوی وجاہت سے مرعوب نہ ہونا۔

ر۔ مریضوں سے مطلق طمع نہ رکھنا اور آپ کا اعلیٰ درجہ توکل و استغناء۔

ز۔ نادار و مستحق مریضوں کا نہ صرف علاج مفت کرنا بلکہ اپنی گرہ سے بھی ان کی دستگیری و پرورش کرنا خصوصاً طلباء قرآن و حدیث و طب کی۔

''خدا تعالیٰ حکیم صاحب مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے اور پسماندگان کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمادے۔ (شمارہ 23 مارچ 1914ء)

''علی گڑھ انسٹیٹیوٹ گزٹ'' نے لکھا:

''قطع نظر اپنے مختص الفرقہ بعض خاص معتقدات کے اس میں کوئی شبہ نہیں ہے کہ حکیم صاحب مرحوم ایک نہایت بلند پایہ عالم عامل اور علوم دینیہ کے بہت بڑے خادم تھے۔ اس پیرانہ سالی اور ضعف و مرض کی حالت میں بھی آپ کا بیشتر وقت تعلیم و تعلم میں صرف ہوتا تھا اور ایک طبیب حاذق ہونے کی حیثیت سے بھی آپ خلق اللہ کی بہت خدمت بجالاتے تھے۔ اس لحاظ سے مرحوم کا انتقال واقعی سخت رنج و ملال کے قابل ہے۔''

(حیات نور صفحہ 766)

غزل

مجھ کو حیرت ہے کتنا پیاسا ہے
آدمی اپنا خون پیتا ہے

ناخدا پر جنہیں بھروسہ ہے
وہ نہیں جانتے خدا کیا ہے

یہ غزل تو نہیں، کہ شعروں میں
لحنِ منصور گنگناتا ہے

گونگے بہروں میں پھنس گئے آ کر
کون اپنی زباں سمجھتا ہے

کوئی ڈوری ہلا رہا ہے ندیمؔ!
آدمی تو فقط کھلونا ہے

انور ندیمؔ علوی

مکرم طارق احمد طاہر صاحب

تحریک وقف نو اور والدین کی ذمہ داریاں

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے 3/ اپریل 1987ء کو اپنے خطبہ جمعہ میں تحریک وقف نو کا آغاز کرتے ہوئے فرمایا تھا:۔

"بچپن ہی سے ان کی اعلیٰ تربیت کرنی شروع کر دیں کہ تم ایک عظیم مقصد کے لئے ایک عظیم الشان وقت میں پیدا ہوئے ہو۔"

(خطبہ جمعہ 3/اپریل 1987ء)

قرآن کریم میں بعض انبیاء اور اولیاء کا ذکر خاص طور پر کیا گیا ہے کہ جنہوں نے اپنی اولادوں کو دین حق کے لئے پیش کیا اور بچپن سے انہیں اس عظیم الشان مقصد کے لئے تیار کیا۔ اس حوالے سے حضرت مریم کی والدہ کا ذکر قرآن کریم میں ملتا ہے کہ انہوں نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ:۔

اے مرے رب جو کچھ میرے پیٹ میں ہے میں اسے دنیا کی آلائشوں سے آزاد کرتے ہوئے تیرے لئے وقف کرتی ہوں اب تو اسے میری طرف سے قبول فرما! یقیناً تو بہت زیادہ سننے والا اور جاننے والا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے اس دعا کو احسن رنگ میں قبول فرمایا اور اس کے نتیجہ میں حضرت مریمؑ جیسی عظیم الشان اولاد پیدا ہوئی۔ جن کی کفالت حضرت زکریاؑ نے کی جو کہ اللہ کے نبی تھے۔

حضرت زکریاؑ اس بچی کی پاکیزگی دیکھ کر اس قدر متاثر ہوئے کہ انہوں نے بھی خواہش کی کہ کاش میرے بھی ایسی ہی عظیم الشان اولاد ہوتی جو کہ خادم دین ہوتی اور میرے بعد میری وارث بنتی۔ اس خواہش کا اظہار حضرت زکریاؑ نے اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کے رنگ میں کیا کہ اے اللہ میں بوڑھا ہو چکا ہوں۔ اس قابل نہیں ہوں کہ اولاد پیدا کر سکوں۔ میری بیوی بھی عاقر یعنی بانجھ ہے۔ لیکن اس کے باوجود اے میرے رب میں تجھ سے دعا کرنے کے معاملہ میں کبھی مایوس نہیں ہوا۔

اس دعا کو اللہ تعالیٰ نے ایسے پیار اور محبت کی نظر سے دیکھا کہ فرمایا ہم تجھے یحییٰ کی خوشخبری دیتے ہیں۔ نہ صرف بیٹے کی خوشخبری دی بلکہ نام بھی تجویز فرما دیا۔ بہت ہی عظیم الشان پیار اور محبت کا انداز ہے۔ ہمارے ماحول میں جب بچے پیدا ہوتے ہیں تو نام کے لئے لوگ للّٰہی محبت کی وجہ سے جو انہیں خلیفہ وقت سے ہوتی ہے۔ لکھتے ہیں کہ حضور بچے کا نام عطا فرمائیں۔ لیکن یہاں اللہ تعالیٰ نے خود ہی نام بھی عطا فرما دیا ہے۔

اللہ تعالیٰ کے حضور اپنی اولاد وقف کرنا اسے نہایت پسندیدہ امر ہے اور آج جماعت احمدیہ دنیا کے پردے پر وہ واحد جماعت ہے جو اللہ تعالیٰ کے فضل سے اس سنت کو بھی زندہ رکھے ہوئے ہے اور جب حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے وقف نو کی عظیم تحریک فرمائی تو افراد جماعت نے خلیفۂ وقت کی اس تحریک پر لبیک کہتے ہوئے اپنے بچوں کو خدا کے حضور وقف کرنا شروع کر دیا اور آج ان بچوں کی تعداد چونتیس ہزار کے لگ بھگ ہے اور اس میں روز بروز اضافہ ہوتا چلا جا رہا ہے۔

شروع میں یہ تحریک دو سال کے لئے تھی لیکن بعد ازاں اسے مستقل کر دیا گیا لیکن اس شرط کے ساتھ کہ پیدائش سے قبل وقف کے لئے پیش کیا جائے۔

صرف وقف کر دینے سے کام ختم نہیں ہو جاتا بلکہ حضرت خلیفہ رابع نے والدین کو نصیحت کرتے ہوئے فرمایا:

"ماں باپ کو مل کر عہد کرنا ہوگا دونوں کو اکٹھے فیصلہ کرنا چاہئے تا کہ اس سلسلہ میں پھر یکجہتی پیدا ہو اولاد کی تربیت میں اور بچپن ہی سے ان کی اعلیٰ تربیت کرنی شروع کر دیں"۔

(خطبہ جمعہ 3/اپریل 1987ء)

آج جس دور سے ہم گزر رہے ہیں اس تحریک کو شروع ہوئے 21 سال ہو چکے ہیں اور وقف نو کی ایک نسل جوان ہو چکی ہے اور ان کا جائزہ لے کر بڑی اچھی طرح سمجھ سکتے ہیں کہ کہاں کہاں کمزوریاں رہ گئی اور آئندہ کے لئے ان کمزوریوں کو دور کر سکتے ہیں۔ پہلے سے زیادہ محنت اور دعا کے ساتھ اپنی ذمہ داریوں کو نبھانے کی ضرورت ہے۔ اگر آج ہم حضرت خلیفہ رابع کے ان ارشادات کا بغور مطالعہ کریں جو حضور نے اس تحریک کا آغاز کرتے ہوئے خاص طور پر تربیت کے حوالے سے فرمائے اور ان پر عمل کرنا شروع کر دیں تو آئندہ نسل کو بہتر رنگ میں سنبھالا جا سکتا ہے۔ حضور نے 10 فروری 1989ء کو خطبہ جمعہ میں واقفین کے والدین پر عائد ہونے والی ذمہ داری کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا:۔

خدا کے حضور بچے کو پیش کرنا ایک بہت ہی اہم واقعہ ہے۔ یہ کوئی معمولی بات نہیں ہے اور آپ یاد رکھیں کہ وہ لوگ جو خلوص اور پیار کے ساتھ قربانیاں دیا کرتے ہیں وہ اپنے پیار کی نسبت سے ان قربانیوں کو سجا کر پیش کیا کرتے ہیں۔

قربانیاں اور تحفے دراصل ایک ہی ذیل میں آتے ہیں۔ آپ بازار سے شاپنگ کرتے ہیں۔ عام چیز جو گھر کے لئے لیتے ہیں اسے باقاعدہ خوبصورت کاغذوں میں لپیٹ کر اور فیتوں سے باندھ کر سجا کر آپ کو پیش نہیں کیا جاتا۔ لیکن جب آپ کہتے ہیں کہ یہ ہم نے تحفہ لینا ہے تو پھر دکاندار بڑے اہتمام سے اس کو سجا کر پیش کرتا ہے۔ پس قربانیاں تحفوں کا رنگ رکھتی ہیں اور ان کے ساتھ سجاوٹ ضروری ہے۔ آپ نے دیکھا ہوگا بعض لوگ تو مینڈھوں اور بکروں کو بھی خوب سجاتے ہیں اور بعض تو ان کو زیور پہنا کر پھر قربان گاہوں کی طرف لے جاتے ہیں۔ پھولوں کے ہار پہناتے ہیں اور کئی قسم کی سجاوٹیں کرتے ہیں۔

انسانی قربانی کی سجاوٹیں اور طرح کی ہوتی ہیں۔ انسانی زندگی کی سجاوٹ تقویٰ سے ہوتی ہے۔"

(خطبہ جمعہ 10 فروری 1989ء)

اب تقویٰ سے ان کو کیسے سجایا جائے؟

بعض والدین یہ سمجھتے ہیں کہ ابھی بچہ ہے بڑا ہوگا تو خود ہی ٹھیک ہو جائے گا اور دو تین سال کی عمر تک اس پر بالکل توجہ نہیں دیتے۔ حالانکہ اصل دور تربیت کا وہی ہوتا ہے اور اسی دور میں ان کو اپنے اعمال کے ذریعہ تقویٰ کے زیور سے سجایا جا سکتا ہے۔ بچہ جب بڑا ہوتا ہے اور گھر سے باہر نکلنا شروع کرتا ہے تو پھر وہ باہر کے ماحول کا اثر لے گا اور اسی کے مطابق حرکات کرے گا۔

پیارے آقا حضرت محمد مصطفی ﷺ نے ہمیں بچوں کی تربیت کا عظیم الشان گر اپنے ایک ارشاد میں سکھا دیا ہے جب فرمایا کہ بچہ پیدا ہو تو اس کے دائیں کان میں .... کہو اور بائیں کان میں تکبیر۔ بچے کی پیدائش کے معاً بعد عربی الفاظ اس کے کان میں کہنے کا کیا مطلب؟ لیکن آج سائنس نے بھی یہ بات ثابت کر دی ہے کہ بچہ نہ صرف پیدائش کے بعد بلکہ پیدائش سے قبل ماں کے پیٹ میں ہی والدین کا اثر قبول کرنا شروع کر دیتا ہے۔

تو آنحضرت ﷺ کے ارشاد کا یہی مقصد ہے کہ پیدا ہوتے ہی ان کی تربیت کی طرف توجہ کرو اور یہ نہ سمجھنا کہ بچہ کچھ سمجھ نہیں سکتا بلکہ وہ اس پیغام کو سمجھ رہا ہوتا ہے کہ میں ایک موحد گھرانے میں پیدا ہوا ہوں۔

اب بچپن سے ان کی تربیت کیسے کی جا سکتی ہے۔ اس حوالے سے حضرت خلیفہ رابع نے فرمایا:۔

تربیت کے مضمون میں یہ بات یاد رکھیں کہ ماں باپ جتنی چاہیں زبانی تربیت کریں۔ اگر ان کا کردار ان کے قول کے مطابق نہیں تو بچے کمزوری کو لے لیں گے اور مضبوط پہلو کو چھوڑ دیں گے .... اس لئے یاد رکھیں کہ بچوں کی تربیت کے لئے آپ کو اپنی تربیت ضرور کرنی ہوگی"۔

(خطبہ جمعہ 8 ستمبر 1989ء)

تو اس لحاظ سے آپ نے تربیت کرنے کا بنیادی اصول یہ بتایا کہ اگر تم نے بچوں کی تربیت کرنی ہے تو اپنی تربیت کرو ایک بچے کے سامنے جب پہلے دن سے اس کی والدہ صبح نماز کے لئے اٹھتی ہے۔ تلاوت کرتی ہیں۔ کھانے کی، کھانے کے بعد، حسب موقع دعائیں پڑھتی ہیں تو بچہ لازماً اپنی ماں کی نقل میں وہی کام کرے گا۔

پھر بچوں کی تعلیم کا خیال رکھنا بھی بہت ضروری ہے۔ تعلیم کے بغیر ترقی ناممکن ہے۔ حضور نے فرمایا:۔

"واقفین بچوں کی علمی بنیاد وسیع ہونی چاہئے .... بچپن ہی سے ان واقفین بچوں کو جنرل نالج بڑھانے کی طرف متوجہ کرنا چاہئے"۔

(خطبہ جمعہ 10 فروری 1989ء)

پھر بعض دوسرے تربیتی امور کی طرف توجہ دلاتے ہوئے فرماتے ہیں:۔

"اس کے علاوہ واقفین بچوں میں سخت جانی کی عادت ڈالنا، نظام جماعت کی اطاعت کی بچپن سے عادت ڈالنا۔ اطفال الاحمدیہ سے وابستہ کرنا، ناصرات سے وابستہ کرنا۔ خدام الاحمدیہ سے وابستہ کرنا بھی بہت ضروری ہے .... تو اس پہلو سے بہت ضروری ہے کہ نظام کا احترام سکھایا جائے" .... واقفین بچوں کو وفا سکھائیں۔ وقف زندگی کا وفا سے بہت گہرا تعلق ہے۔" (خطبہ جمعہ 10 فروری 1989ء)

پھر بعض والدین اپنی بیٹیوں کے بارے میں پوچھتے ہیں کہ ان کو کس میدان میں بھیجا جائے؟ تو حضرت خلیفہ رابع نے اس کا جواب بھی اپنے خطبے میں فرمایا:۔

"بچیوں کو تعلیم کے میدان میں آگے لائیں۔ علمی کام سکھائیں اور علم تو بڑھانا ہی ہے لیکن علم سکھانے کا نظام جو ہے جس کو بی ایڈ یا ایم ایڈ کہا جاتا ایسی ڈگریاں جن میں تعلیم دینے کا سلیقہ سکھایا جاتا ہے۔ ان میں ان کو داخل کریں۔ .... پھر ڈاکٹروں کی ضرورت ہے .... ان بچیوں کو ڈاکٹر بنایا جائے .... علمی کام میں ہمیں واقفین بیٹیاں بہت کام آ سکتی ہیں"۔

(خطبہ جمعہ 8 ستمبر 1989ء)

پھر بعض بچے جامعہ کے لئے منتخب نہیں ہو پاتے تو ان کے والدین پوچھتے ہیں کہ اب کیا کریں۔ تو جامعہ کے علاوہ بہت سے شعبہ جات ہیں جن میں جماعت کو ضرورت ہے مثلاً ڈاکٹرز، وکیل، اساتذہ۔ کمپیوٹر کے ماہرین، پیرامیڈیکل سٹاف، مترجمین، زبان دان وغیرہ۔

اس حوالے سے والدین سے درخواست ہے کہ وہ وکالت وقف نو سے مسلسل رابطہ رکھیں اور بچے کی تعلیمی سرگرمیوں اور مستقبل کے رجحان سے آگاہ کرتے رہیں۔

بچے کے ساتھ محبت اور پیار کا تقاضا یہ ہے کہ جس کی فائل ہر لحاظ سے مکمل رکھیں اور اس کے کاغذات اس میں سنبھال کر رکھیں۔

بانی تحریک وقف نو حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کے الفاظ میں دعا ہے کہ

"اللہ ہمیں توفیق عطا فرمائے کہ ہم واقفین کی ایک ایسی فوج خدا کی راہ میں پیش کریں جو ہر قسم کے ان ہتھیاروں سے مزین ہوں جو خدا کی راہ میں جہاد کرنے کے لئے ضروری ہوا کرتے ہیں اور پھر ان پر ان کو کامل دسترس ہو۔" آمین

(خطبہ جمعہ 10 فروری 1989ء)

☆......☆......☆

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جا رہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

